Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Rubaiyat-e-Anees

رباعیات انیس

Rubaiyat by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Zahir wahi ulfat ke asar hain ab tak — ظاہر وہی الفت کے اثر ہیں اب تک

Qurbaan shah-e-jinn-o-bashar hain ab tak — قربان شہہ جن و بشر ہیں اب تک

Hote hain alam aage jab uthti hai zarih — ہوتے ہیں علم آگے جب اٹھتی ہے ضریح

Abbas Ali seena sipar hain ab tak — عباس علی سینہ سپر ہیں اب تک

The marks of that love are still to be seen;
they still give themselves for the King of jinn and men:
when the shrine is lifted, the standards go before it;
Abbas, son of Ali, still makes his breast a shield.

2

Uryan sar-e-khatoon-e-zaman hai ab tak — عریاں سر خاتون زمن ہے اب تک

Namoos pe iza-o-mihan hai ab tak — ناموس پہ ایذا و محن ہے اب تک

Chehlum ke hain din khaak urao yaaro — چہلم کے ہیں دن خاک اڑاؤ یارو

Shabbir ki laash be kafan hai ab tak — شبیر کی لاش بے کفن ہے اب تک

The head of the Lady of the age is still uncovered;
torment and affliction still fall on the honour of the women.
These are the days of the fortieth: throw dust on your heads, friends;
Shabbir's body still lies without a shroud.

Free to read, copy and share

3

Ulfat ho jise use wali kehte hain
الفت ہو جسے اسے ولی کہتے ہیں

Aison ko saeed-e-azali kehte hain
ایسوں کو سعید ازلی کہتے ہیں

Is bazm mein dhoop utha ke aate hain jo log
اس بزم میں دھوپ اٹھا کے آتے ہیں جو لوگ

Hans kar Tooba lakum Ali kehte hain
ہنس کر طوبیٰ لکم علی کہتے ہیں

One who has love is called a friend of God;
such people are called blessed from eternity.
To those who come to this assembly through the heat of the sun
Ali says with a smile, "Blessed are you!"

4

Thokar bhi na maaren ge agar khud sar hai
ٹھوکر بھی نہ ماریں گے اگر خود سر ہے

Zardar ko bhi farotani behtar hai
زردار کو بھی فروتنی بہتر ہے

Hai mewa-e-nakhl-e-qad-e-insan taslim
ہے میوۂ نخل قد انساں تسلیم

Jhukti hai wahi shaakh jo baar awar hai
جھکتی ہے وہی شاخ جو بار آور ہے

If a man is arrogant, no one will so much as kick him aside;
humility becomes even the rich.
Submission is the fruit of the palm tree of man's stature:
only the branch that bears fruit bends low.

5

The zeest se apni haath dhoye Sajjad
تھے زیست سے اپنی ہاتھ دھوئے سجاد

Shab ko kabhi raahat se na soye Sajjad
شب کو کبھی راحت سے نہ سوئے سجاد

Jab tak jiye hanste na kisi ne dekha
جب تک جیے ہنستے نہ کسی نے دیکھا

Chalees baras baap ko roye Sajjad
چالیس برس باپ کو روئے سجاد

Sajjad had washed his hands of his own life;
Sajjad never slept in peace at night;
as long as he lived, no one saw him laugh;
for forty years Sajjad wept for his father.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Soz-e-gham-e-doori ne jala rakha hai
سوز غم دوری نے جلا رکھا ہے

Aahon ne kanwal dil ka bujha rakha hai
آہوں نے کنول دل کا بجھا رکھا ہے

Niklo kahin jald umr aakhir hai Anees
نکلو کہیں جلد عمر آخر ہے انیسؔ

Is Hind-e-siyah bakht mein kya rakha hai
اس ہند سیہ بخت میں کیا رکھا ہے

The burning grief of separation keeps me aflame;
sighs have put out the lamp of my heart.
Get away somewhere soon, Anees, for life is near its end:
what is there in this ill-starred India?

7

Shabbir ka gham ye jis ke dil par hoga
شبیر کا غم یہ جس کے دل پر ہوگا

Aansoo jo gire ga shakl-e-gauhar hoga
آنسو جو گرے گا شکل گوہر ہوگا

Poochhe ga Khuda jab aise durr ki qeemat
پوچھے گا خدا جب ایسے در کی قیمت

Tab hashr mein jauhari Payambar hoga
تب حشر میں جوہری پیمبر ہوگا

Whoever carries this grief for Shabbir in his heart,
every tear he sheds will be like a pearl;
when God asks the worth of such a pearl,
then, at the Resurrection, the jeweller will be the Prophet.

8

Sar khench na shamsheer-e-kashida ki tarah
سر کھینچ نہ شمشیر کشیدہ کی طرح

Har ek se jhuk qaus-e-khamida ki tarah
ہر ایک سے جھک قوس خمیدہ کی طرح

Manzoor-e-nazar hai jo hifazat apni
منظور نظر ہے جو حفاظت اپنی

Ho gosha nasheen mardum-e-deeda ki tarah
ہو گوشہ نشیں مردم دیدہ کی طرح

Do not raise your head like a drawn sword;
bow before everyone like a bent bow;
if you have your own safety in view,
keep to a corner, like the pupil of the eye.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

9

Rutba jise duniya mein Khuda deta hai
Wo dil mein farotani ko ja deta hai
Karte hain tahi maghz sana aap apni
Jo zarf ke khaali hai sada deta hai

رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے
وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی
جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

Whoever is given rank in the world by God
makes room for humility in his heart;
the empty-headed praise themselves:
it is the empty vessel that makes the noise.

10

Raahi taraf-e-aalam-e-bala hoon main
Duniya se adam ko jaane wala hoon main
Ya Rab tera naam-e-pak japne ke liye
Goya ik haddiyon ki maala hoon main

راہی طرف عالم بالا ہوں میں
دنیا سے عدم کو جانے والا ہوں میں
یارب ترا نام پاک جپنے کے لیے
گویا اک ہڈیوں کی مالا ہوں میں

I am a traveller bound for the world on high;
I am about to leave this world for non-existence.
O Lord, for telling Your holy name
it is as if I were a rosary of bones.

11

Qatre hain ye sab jis ke wo darya hai Ali
Pinhan hai kabhi to gaah paida hai Ali
Hota hai guman Khuda ka jis par har baar
Allah Allah aisa banda hai Ali

قطرے ہیں یہ سب جس کے وہ دریا ہے علی
پنہاں ہے کبھی تو گاہ پیدا ہے علی
ہوتا ہے گماں خدا کا جس پر ہر بار
اللہ اللہ ایسا بندہ ہے علی

All these are drops of the river that is Ali;
now Ali is hidden, now he is revealed;
he is one whom men mistake for God again and again:
Allah, Allah! Such a servant is Ali.

Free to read, copy and share

12

Putli ki tarah nazar se mastoor hai tu
پتلی کی طرح نظر سے مستور ہے تو

Aankhen jise dhoondhti hain wo noor hai tu
آنکھیں جسے ڈھونڈھتی ہیں وہ نور ہے تو

Qurbat rag-e-jaan se aur phir is par ye bud
قربت رگ جاں سے اور پھر اس پر یہ بعد

Allah Allah kis qadar door hai tu
اللہ اللہ کس قدر دور ہے تو

Like the pupil of the eye, You are hidden from sight;
You are the light the eyes search for;
nearer than the vein of life, and yet such distance:
Allah, Allah! How far away You are!

13

Mai khana-e-Kausar ka sharabi hoon main
مے خانۂ کوثر کا شرابی ہوں میں

Kya qabr ka khauf Bu-Turabi hoon main
کیا قبر کا خوف بو ترابی ہوں میں

Kehti hai ye chashm khush rakho na mujhe
کہتی ہے یہ چشم خوش رکھو نہ مجھے

Ae ahl-e-nazar mardum-e-abi hoon main
اے اہل نظر مردم آبی ہوں میں

I am a drinker from the tavern of Kausar;
why should I fear the grave? I belong to Abu Turab.
This eye says, "Do not try to keep me cheerful;
O people of vision, I am a creature of the water."

14

La raib bahishtiyon ka marja hai ye
لا ریب بہشتیوں کا مرجع ہے یہ

Sab jis mein bhare hain gul wo majma hai ye
سب جس میں بھرے ہیں گل وہ مجمع ہے یہ

Dekhe koi mominon ke chehron ki ziya
دیکھے کوئی مومنوں کے چہروں کی ضیا

Mani bhi hai dang wo muraqqa hai ye
مانیؔ بھی ہے دنگ وہ مرقع ہے یہ

Without doubt this is the gathering place of the people of paradise;
this is the assembly that is filled with flowers;
let anyone look at the radiance of the believers' faces:
this is an album that leaves even Mani astonished.

Free to read, copy and share

15

Kyun kar dil-e-ghamzada na faryad kare
کیوں کر دل غمزدہ نہ فریاد کرے

Jab mulk ko charkh-e-peer barbad kare
جب ملک کو چرخ پیر برباد کرے

Maango ye dua ke phir Khudawand-e-Kareem
مانگو یہ دعا کہ پھر خداوند کریم

Ujri hui mamlakat ko aabad kare
اجڑی ہوئی مملکت کو آباد کرے

How should the grieving heart not cry out
when the old wheel of heaven lays a kingdom waste?
Pray that God the Generous may once again
bring the ruined kingdom back to life.

16

Kya dast-e-mizha ko haath aai tasbeeh
کیا دست مژہ کو ہاتھ آئی تسبیح

Subhan Allah kya banaai tasbeeh
سبحان اللہ کیا بنائی تسبیح

Aansoo nahin rukte hain gham-e-shah mein Anees
آنسو نہیں رکتے ہیں غم شہ میں انیسؔ

Aankhon se lagi hai Karbalai tasbeeh
آنکھوں سے لگی ہے کربلائی تسبیح

What a rosary the hand of the eyelashes has found!
Glory be to Allah, what a rosary it has made!
In grief for the King, Anees, the tears do not stop:
a rosary of Karbala is pressed to the eyes.

17

Kuchh mulk-e-adam mein ranj ka naam na tha
کچھ ملک عدم میں رنج کا نام نہ تھا

Maloom hamen apna saranjam na tha
معلوم ہمیں اپنا سرانجام نہ تھا

Aaye jo yahan to bas hua ye sabit
آئے جو یہاں تو بس ہوا یہ ثابت

Ik maut se milna tha koi kaam na tha
اک موت سے ملنا تھا کوئی کام نہ تھا

In the land of non-existence there was no trace of sorrow;
we did not know what our end would be.
When we came here, this alone was proved:
we had come only to meet death; there was nothing else to do.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

18

Kis tarah kare na ek aalam afsos — کس طرح کرے نہ ایک عالم افسوس

Ji bhar ke kiya na shah ka matam afsos — جی بھر کے کیا نہ شہ کا ماتم افسوس

Kya jald guzar gaye ye das din gham ke — کیا جلد گزر گئے یہ دس دن غم کے

Kyun sahibo ho chuka Muharram afsos — کیوں صاحبو ہو چکا محرم افسوس

How should the whole world not grieve?
Alas, we did not mourn the King to our heart's content;
how quickly these ten days of grief have passed!
Is it not so, friends? Muharram is over, alas.

19

Kho dil ke maraz ko ae tabib-e-ummat — کھو دل کے مرض کو اے طبیب امت

Sikhla adab ae adeeb-e-ummat — سکھلا آداب اے ادیب امت

Allah ke noor ko baainihi dekhen — اللہ کے نور کو بعینہ دیکھیں

Gar ho tera deedar naseeb-e-ummat — گر ہو ترا دیدار نصیب امت

Cure the sickness of the heart, O physician of the community;
teach good manners, O teacher of the community;
the community would see the very light of Allah
if it were granted the sight of you.

20

Khenche mujhe maut zindagani ki taraf — کھینچے مجھے موت زندگانی کی طرف

Gham khud le jaaye shadmani ki taraf — غم خود لے جائے شادمانی کی طرف

Tera jo karam ho to misal-e-mah-e-nau — تیرا جو کرم ہو تو مثال مہ نو

Peeri se pahunch jaaun jawani ki taraf — پیری سے پہنچ جاؤں جوانی کی طرف

Let death draw me toward life;
let grief itself lead me toward joy;
if You are gracious, then, like the new moon,
I shall pass from old age to youth.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

21

Jo martaba Ahmad ke wasi ka dekha
جو مرتبہ احمد کے وصی کا دیکھا

Hum ne nahin rutba ye kisi ka dekha
ہم نے نہیں رتبہ یہ کسی کا دیکھا

Kehte hain Nabi jab hui Meraj mujhe
کہتے ہیں نبی جب ہوئی معراج مجھے

Pahuncha jo wahan haath Ali ka dekha
پہنچا جو وہاں ہاتھ علی کا دیکھا

The rank we have seen in Ahmad's Executor
we have seen in no one else.
The Prophet says, "When I was taken up on the Ascension,
on arriving there, I saw the hand of Ali."

22

Jo chashm gham-e-shah mein sada roti hai
جو چشم غم شہ میں سدا روتی ہے

Har lamha fuzoon us mein ziya hoti hai
ہر لمحہ فزوں اس میں ضیا ہوتی ہے

Ashk-e-gham-e-Shabbir ka rutba dekho
اشک غم شبیر کا رتبہ دیکھو

Yaan ashk ka qatra hai wahan moti hai
یاں اشک کا قطرہ ہے وہاں موتی ہے

The eye that weeps for ever in grief for the King
grows brighter every moment;
see the rank of a tear shed in grief for Shabbir:
here it is a drop of a tear; there it is a pearl.

23

Jis par ke nazar lutf ki Shabbir karen
جس پر کہ نظر لطف کی شبیر کریں

Adna aala sab us ki tauqeer karen
ادنیٰ اعلیٰ سب اس کی توقیر کریں

Jis sang ko chaahen wo bana den paaras
جس سنگ کو چاہیں وہ بنا دیں پارس

Jis khaak ko chaahen abhi akseer karen
جس خاک کو چاہیں ابھی اکسیر کریں

On whomever Shabbir turns a kindly look,
high and low alike will honour him;
whatever stone he wishes he can turn into the philosopher's stone;
whatever dust he wishes he can make the elixir at once.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

24

Itna na ghuroor kar ke marna hai tujhe
اتنا نہ غرور کر کہ مرنا ہے تجھے

Aaraam abhi qabr mein karna hai tujhe
آرام ابھی قبر میں کرنا ہے تجھے

Rakh khaak pe soch kar zara paaon Anees
رکھ خاک پہ سوچ کر ذرا پاؤں انیسؔ

Ik roz Sirat se guzarna hai tujhe
اک روز صراط سے گزرنا ہے تجھے

Do not be so proud, for you must die;
you have yet to take your rest in the grave.
Think a little, Anees, before you set foot on the dust:
one day you must cross the Bridge.

25

Isyan se hoon sharmsar tauba Ya Rab
عصیاں سے ہوں شرمسار توبہ یارب

Karta hoon main baar baar tauba Ya Rab
کرتا ہوں میں بار بار توبہ یارب

Na jurm ka payan na gunahon ka shumar
نہ جرم کا پایاں نہ گناہوں کا شمار

Ik tauba to kya hazar tauba Ya Rab
اک توبہ تو کیا ہزار توبہ یارب

I am ashamed of my sins: I repent, O Lord;
again and again I repent, O Lord;
there is no end to my crimes, no counting my sins:
not one repentance but a thousand, O Lord!

26

Hushyar hai sab se ba khabar hai jab tak
ہشیار ہے سب سے با خبر ہے جب تک

Bedar hai aalam pe nazar hai jab tak
بیدار ہے عالم پہ نظر ہے جب تک

Paida hai sareer-e-kilk se ye aawaz
پیدا ہے صریر کلک سے یہ آواز

Kar fikr-e-sukhan zaban tar hai jab tak
کر فکر سخن زبان تر ہے جب تک

As long as you are alert and aware of everything,
as long as you are awake and your eye is on the world,
the scratching of the pen gives out this cry:
"Think of poetry while your tongue is still moist."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

27

Ho jaati hai sahl pesh-e-dana mushkil
ہو جاتی ہے سہل پیش دانا مشکل

Dil ne na kisi amr ko jaana mushkil
دل نے نہ کسی امر کو جانا مشکل

Madh-e-shah-e-deen mein hai magar dil ka ye qaul
مدح شہہ دیں میں ہے مگر دل کا یہ قول

Hai bahr ka kooze mein samaana mushkil
ہے بحر کا کوزے میں سمانا مشکل

Before the wise, the difficult becomes easy;
my heart has found nothing hard;
but in praising the King of the faith, my heart says this:
"It is hard to fit the ocean into a jug."

28

Har chand ke khasta-o-hazeen hai aawaz
ہر چند کہ خستہ و حزیں ہے آواز

Par taziya dar-e-shah-e-deen hai aawaz
پر تعزیہ دار شاہ دیں ہے آواز

Nikle na agar kunj-e-dahan se to baja
نکلے نہ اگر کنج دہن سے تو بجا

Matam ke hain din sog nasheen hai aawaz
ماتم کے ہیں دن سوگ نشیں ہے آواز

Although my voice is weak and sorrowful,
my voice is a mourner of the King of the faith;
if it does not come out of the corner of my mouth, that is fitting:
these are days of mourning, and my voice sits in grief.

29

Har ghunche se shaakh-e-gul hai kyun nazr ba kaf
ہر غنچے سے شاخ گل ہے کیوں نذر بکف

Hai roz-e-khilafat-e-shahanshah-e-Najaf
ہے روز خلافت شہنشاہ نجف

Haidar hue janasheen-e-khas-e-nabawi
حیدر ہوئے جانشین خاص نبوی

Hai aaj tulu-e-nayyir-e-burj-e-sharaf
ہے آج طلوع نیر برج شرف

Why does the rose branch hold out every bud as an offering?
It is the day of the caliphate of the King of Najaf;
Haidar has become the Prophet's own successor;
today the sun rises in its house of exaltation.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

30

Gulzar-e-jahan se baagh-e-jannat mein gaye
گلزار جہاں سے باغ جنت میں گئے

Marhoom hue jawar-e-rahmat mein gaye
مرحوم ہوئے جوار رحمت میں گئے

Maddah-e-Ali ka martaba aala hai
مداح علی کا مرتبہ اعلیٰ ہے

Ghalib Asadullah ki khidmat mein gaye
غالبؔ اسداللہ کی خدمت میں گئے

From the rose garden of the world he has gone to the garden of paradise;
he has passed away into the neighbourhood of mercy.
High is the rank of one who praises Ali:
Ghalib has gone to serve the Lion of God.

31

Gulshan mein saba ko justuju teri hai
گلشن میں صبا کو جستجو تیری ہے

Bulbul ki zaban pe guftugu teri hai
بلبل کی زبان پہ گفتگو تیری ہے

Har rang mein jalwa hai teri qudrat ka
ہر رنگ میں جلوہ ہے تیری قدرت کا

Jis phool ko soonghta hoon boo teri hai
جس پھول کو سونگھتا ہوں بو تیری ہے

In the garden the breeze is searching for You;
on the nightingale's tongue is talk of You;
in every colour is the splendour of Your power;
whatever flower I smell, the scent is Yours.

32

Gulshan mein phiroon ke sair-e-sahra dekhoon
گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں

Ya maadan-o-koh-o-dasht-o-darya dekhoon
یا معدن و کوہ و دشت و دریا دیکھوں

Har ja teri qudrat ke hain laakhon jalwe
ہر جا تری قدرت کے ہیں لاکھوں جلوے

Hairan hoon do aankhon se kya kya dekhoon
حیران ہوں دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

Shall I wander in the garden, or look upon the desert?
Or shall I look at mines and mountains, plains and rivers?
Everywhere are countless manifestations of Your power;
I am bewildered: how much can I see with two eyes?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

33

Ghaflat mein na kho umr ke pachhtaaye ga
غفلت میں نہ کھو عمر کہ پچھتائے گا

Rona hi gham-e-shah mein kaam aaye ga
رونا ہی غم شاہ میں کام آئے گا

Asbab-e-taalluq se na bhar dil apna
اسباب تعلق سے نہ بھر دل اپنا

Chalte hue sab kuchh yahin reh jaaye ga
چلتے ہوئے سب کچھ یہیں رہ جائے گا

Do not waste your life in heedlessness, or you will regret it;
only weeping in grief for the King will be of use.
Do not fill your heart with worldly attachments:
when you go, everything will stay behind here.

34

Fursat koi saat na zamane se mili
فرصت کوئی ساعت نہ زمانے سے ملی

Begaane se raahat na yagaane se mili
بیگانے سے راحت نہ یگانے سے ملی

Haqqa ke palak nawaz hai zaat teri
حقا کہ پلک نواز ہے ذات تری

Jannat unhen ashkon ke bahaane se mili
جنت انہیں اشکوں کے بہانے سے ملی

Time never gave me a moment's leisure;
I found comfort neither from strangers nor from my own.
Truly, Your Being is kind to the eyelash:
paradise was granted for the sake of those tears.

35

Dushman ko bhi de Khuda na aulad ka daagh
دشمن کو بھی دے خدا نہ اولاد کا داغ

Jaata nahin hargiz dil-e-nashad ka daagh
جاتا نہیں ہرگز دل ناشاد کا داغ

Farmaate the ro ke laash-e-Qasim pe Husain
فرماتے تھے رو کے لاش قاسم پہ حسین

Aulad se kam nahin hai damad ka daagh
اولاد سے کم نہیں ہے داماد کا داغ

May God not give even an enemy the wound of losing a child;
the scar on a grieving heart never goes.
Weeping over the body of Qasim, Husain said,
"The loss of a son-in-law is no less than the loss of a child."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

36

Duniya bhi ajab sara-e-fani dekhi
دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی

Har cheez yahan ki aani jaani dekhi
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

Jo aa ke na jaaye wo burhapa dekha
جو آ کے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا

Jo ja ke na aaye wo jawani dekhi
جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

I have found the world a strange inn that passes away;
I have seen that everything here comes and goes:
what comes and never leaves is old age;
what leaves and never comes back is youth.

37

Dukh mein har shab karaahta hoon Ya Rab
دکھ میں ہر شب کراہتا ہوں یارب

Ab zeest ke din nibaahta hoon Ya Rab
اب زیست کے دن نباہتا ہوں یارب

Talib zar-o-maal ke hain sab duniya mein
طالب زر و مال کے ہیں سب دنیا میں

Main tujh se tujhi ko chaahta hoon Ya Rab
میں تجھ سے تجھی کو چاہتا ہوں یارب

Every night I groan in pain, O Lord;
now I am merely getting through the days of my life, O Lord;
in this world all seek gold and wealth;
from You I ask for You alone, O Lord.

38

Dil ne gham-e-be hisab kya kya dekha
دل نے غم بے حساب کیا کیا دیکھا

Aankhon se jahan mein khwab kya kya dekha
آنکھوں سے جہاں میں خواب کیا کیا دیکھا

Tifli-o-shabab-o-aish-o-ranj-o-raahat
طفلی و شباب و عیش و رنج و راحت

Is umr ne inqilab kya kya dekha
اس عمر نے انقلاب کیا کیا دیکھا

What countless griefs my heart has seen!
What dreams my eyes have seen in this world!
Childhood and youth, pleasure, sorrow and ease:
what changes this life of mine has seen!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

39

Damad-e-Rasool ki shahadat hai aaj
داماد رسول کی شہادت ہے آج

Masoomon pe Fatima ke aafat hai aaj
معصوموں پہ فاطمہ کے آفت ہے آج

Jannat mein tarapte hain Rasool-us-Saqalain
جنت میں تڑپتے ہیں رسول الثقلین

Khatoon-e-qayamat pe qayamat hai aaj
خاتون قیامت پہ قیامت ہے آج

Today is the martyrdom of the Messenger's son-in-law;
calamity has fallen today on Fatima's innocent children;
in paradise the Messenger to men and jinn is writhing in pain;
today doom has fallen on the Lady of the Resurrection.

40

Be ja nahin madh-e-shah mein ghurra mera
بے جا نہیں مدح شہ میں غرا میرا

Bharti se kalam hai muarra mera
بھرتی سے کلام ہے معرا میرا

Murghan-e-khush ilhan-e-chaman bolen kya
مرغان خوش الحان چمن بولیں کیا

Mar jaate hain sun ke roz marra mera
مرجاتے ہیں سن کے روزمرا میرا

My pride in praising the King is not misplaced;
my verse is free of padding;
what can the sweet-voiced birds of the garden say?
They die when they hear my idiom.

41

Be gor-o-kafan baap ka laasha dekha
بے گور و کفن باپ کا لاشہ دیکھا

Pardes mein madar ka randapa dekha
پردیس میں مادر کا رنڈاپا دیکھا

Zindan mein jafa-e-khaar-o-tauq-o-zanjeer
زنداں میں جفاے خار و طوق و زنجیر

Abid ne pidar ke baad kya kya dekha
عابد نے پدر کے بعد کیا کیا دیکھا

He saw his father's body without grave or shroud;
in a strange land he saw his mother widowed;
in prison, the cruelty of thorns, the iron collar and the chain:
what Abid saw after his father!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

42

Be deenon ko Murtaza ne iman bakhsha
بے دینوں کو مرتضیٰ نے ایماں بخشا

Deen daaron ko jannat ka gulistan bakhsha
دین داروں کو جنت کا گلستاں بخشا

Bakhshish ka hai khatima ke khatam de kar
بخشش کا ہے خاتمہ کہ خاتم دے کر

Darvesh ko rutba-e-Sulaiman bakhsha
درویش کو رتبہ سلیمانؑ بخشا

Murtaza gave faith to the faithless;
to the faithful he gave the garden of paradise;
this is the height of giving: by giving his ring
he gave a beggar the rank of Solomon.

43

Barham hai jahan ajab talatum hai aaj
برہم ہے جہاں عجب تلاطم ہے آج

Sab rote hain duniya mein khushi gum hai aaj
سب روتے ہیں دنیا میں خوشی گم ہے آج

Chaliswen tak gara na laasha jis ka
چالیسویں تک گڑا نہ لاشہ جس کا

Us bekas-o-mazloom ka chehlum hai aaj
اس بیکس و مظلوم کا چہلم ہے آج

The world is in turmoil; there is a strange upheaval today;
all the world is weeping; joy is lost today.
The one whose body was not buried even by the fortieth day:
today is the fortieth of that forsaken, wronged one.

44

Baalon pe ghubar-e-sheb zahir hai ab
بالوں پہ غبار شیب ظاہر ہے اب

Hushyar Anees tu musafir hai ab
ہشیار انیس تو مسافر ہے اب

Paida hai sapedi sahar-e-peeri ki
پیدا ہے سپیدی سحر پیری کی

Le khwab se chaunk raat aakhir hai ab
لے خواب سے چونک رات آخر ہے اب

The dust of age now shows on my hair;
be alert, Anees: you are a traveller now;
the white light of the dawn of old age has appeared;
come, wake from sleep: the night is ending now.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

45

Ashkon mein nahao to jigar thande hon
اشکوں میں نہاؤ تو جگر ٹھنڈے ہوں

Bheege jo mizha deeda-e-tar thande hon
بھیگے جو مژہ دیدۂ تر ٹھنڈے ہوں

Yun seena-o-qalb sard ho jaayen ge
یوں سینہ و قلب سرد ہو جائیں گے

Khas khane mein jaise baam-o-dar thande hon
خس خانے میں جیسے بام و در ٹھنڈے ہوں

Bathe in tears, and your hearts will be cooled;
when the lashes are wet, the moist eyes are cooled;
so the breast and the heart will grow cool,
as roof and door are cooled in a room screened with khas grass.

46

Ashab ne poochha jo Nabi ko dekha
اصحاب نے پوچھا جو نبی کو دیکھا

Meraj mein Hazrat ne kisi ko dekha
معراج میں حضرت نے کسی کو دیکھا

Kehne lage muskura ke mahboob-e-Khuda
کہنے لگے مسکرا کے محبوب خدا

Wallah jahan dekha Ali ko dekha
واللہ جہاں دیکھا علی کو دیکھا

When the Companions saw the Prophet, they asked,
"Did the revered one see anyone on the Ascension?"
The beloved of God smiled and said,
"By Allah, wherever I looked, I saw Ali."

47

Anjam pe apne aah-o-zaari kar tu
انجام پہ اپنے آہ و زاری کر تو

Sakhti bhi jo ho to burdbari kar tu
سختی بھی جو ہو تو بردباری کر تو

Paida kiya khaak se Khuda ne tujh ko
پیدا کیا خاک سے خدا نے تجھ کو

Behtar hai yahi ke khaak saari kar tu
بہتر ہے یہی کہ خاک ساری کر تو

Lament and weep over your own end;
even if hardship comes, be patient.
God made you from dust:
it is best that you be humble as the dust.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

48

Andaz-e-sukhan tum jo hamaare samjho
انداز سخن تم جو ہمارے سمجھو

Jo lutf-e-kalam hain wo saare samjho
جو لطف کلام ہیں وہ سارے سمجھو

Aawaz girifta go hai is zakir ki
آواز گرفتہ گو ہے اس ذاکر کی

Pahron roo agar ishaare samjho
پہروں روٗو اگر اشارے سمجھو

If you understand my manner of speech,
if you grasp all the delights of my words,
then, though the voice of this reciter is hoarse,
you will weep for hours, if you understand the hints.

49

Allah Allah izz-o-jaah-e-zakir
اللہ اللہ عز و جاہ ذاکر

Darbar-e-Husaini mein hai raah-e-zakir
دربار حسینی میں ہے راہ ذاکر

Panja jo alam ka sar-e-minbar hai Anees
پنجہ جو علم کا سر منبر ہے انیس

Hai dast-e-alamdar panah-e-zakir
ہے دست علم دار پناہ ذاکر

Allah, Allah! The honour and rank of the reciter!
The reciter has a way into Husain's court;
Anees, the hand-shaped crest of the standard above the pulpit
is the hand of the standard-bearer, the reciter's refuge.

50

Akhtar se bhi aabroo mein behtar hai ye ashk
اختر سے بھی آبرو میں بہتر ہے یہ اشک

Allah hai mushtari wo gauhar hain ye ashk
اللہ ہے مشتری وہ گوہر ہیں یہ اشک

Aankhon se laga ke un ko kehte hain malak
آنکھوں سے لگا کے ان کو کہتے ہیں ملک

Gauhar nahin noor-e-chashm-e-Kausar hain ye ashk
گوہر نہیں نور چشم کوثر ہیں یہ اشک

These tears are finer in lustre than the stars;
Allah is their buyer: such pearls are these tears.
The angels press them to their eyes and say,
"These tears are not pearls: they are the light of the eye of Kausar."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

51

Akbar ne jo ghar maut ka aabad kiya
اکبر نے جو گھر موت کا آباد کیا

Sughra ko dam-e-naza bahut yaad kiya
صغرا کو دم نزع بہت یاد کیا

Laashe pe kamar pakar ke kehte the Husain
لاشے پہ کمر پکڑ کے کہتے تھے حسین

Tum ne Ali Akbar hamen barbad kiya
تم نے علی اکبر ہمیں برباد کیا

When Akbar went to dwell in the house of death,
at his last breath he remembered Sughra often;
over his body, holding his back, Husain said,
"Ali Akbar, you have ruined me."

52

Ae shah ke gham mein jaan khone waalo
اے شاہ کے غم میں جان کھونے والو

Ae Ibn-e-Ali ke sadqe hone waalo
اے ابن علی کے صدقے ہونے والو

Is ajr-e-azeem ko na do haathon se
اس اجر عظیم کو نہ دو ہاتھوں سے

Ab do hi shaben aur hain rone waalo
اب دو ہی شبیں اور ہیں رونے والو

O you who give your lives in grief for the King,
O you who would give yourselves for the son of Ali,
do not let this great reward slip from your hands:
only two more nights remain, you who weep.

53

Ae momino Fatima ka pyaara Shabbir
اے مومنو فاطمہؑ کا پیارا شبیر

Kal jaaye ga bhooka pyaasa maara Shabbir
کل جائے گا بھوکا پیاسا مارا شبیر

Ho jaayen ge sab taziya khane sunsan
ہو جائیں گے سب تعزیہ خانے سنسان

Aaj aur hai mehmaan tumhaara Shabbir
آج اور ہے مہمان تمہارا شبیر

O believers, Fatima's beloved Shabbir!
Tomorrow Shabbir will be slain, hungry and thirsty;
all the houses of mourning will be deserted;
for today only, Shabbir is still your guest.

Free to read, copy and share

54

Ae Khaliq-e-zulfazl-o-karam rahmat kar
اے خالق ذوالفضل و کرم رحمت کر

Ae dafe-e-har ranj-o-alam rahmat kar
اے دافع ہر رنج و الم رحمت کر

Sabqat hai sada ghazab pe rahmat ko teri
سبقت ہے سدا غضب پہ رحمت کو تری

Apni tujhe rahmat ki qasam rahmat kar
اپنی تجھے رحمت کی قسم رحمت کر

O Creator, possessor of bounty and grace, have mercy;
O remover of every grief and pain, have mercy;
Your mercy always outstrips Your wrath:
I adjure You by Your own mercy, have mercy.

55

Ae bakht-e-rasa soo-e-Najaf raahi kar
اے بخت رسا سوئے نجف راہی کر

Mujh zaar ko zair-e-Yadullahi kar
مجھ زار کو زائر یداللہی کر

Le ja soo-e-Karbala meri musht-e-ghubar
لے جا سوئے کربلا مری مشت غبار

Ae bad-e-saba itni hawa khwahi kar
اے باد صبا اتنی ہوا خواہی کر

O kindly fortune, set me on the road to Najaf;
make this wretch a pilgrim to the Hand of God;
carry my handful of dust toward Karbala:
O morning breeze, do me this much kindness.

56

Ahbab se ummeed hai be ja mujh ko
احباب سے امید ہے بے جا مجھ کو

Ummeed-e-ata-e-Haq hai zeba mujh ko
امید عطائے حق ہے زیبا مجھ کو

Kya un se tawaqqo ke miyan-e-marqad
کیا ان سے توقع کہ میان مرقد

Chhor aayen ge ik roz ye tanha mujh ko
چھوڑ آئیں گے اک روز یہ تنہا مجھ کو

It is wrong for me to put my hope in friends;
it befits me to hope for the gift of God.
What can I expect of those who, one day,
will leave me alone in the grave?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

57

Afzoon hain bayan se mojizat-e-Haidar
افزوں ہیں بیاں سے معجزات حیدر

Hallal-e-muhimmat hai zaat-e-Haidar
حلال مہمات ہے ذات حیدر

Taurait Injeel aur Zuboor-o-Quran
توریت انجیل اور زبور و قرآن

Hain ek rubai sifat-e-Haidar
ہیں ایک رباعی صفات حیدر

The miracles of Haidar are beyond telling;
Haidar's own self is the solver of every hard affair;
the Torah, the Gospel, the Psalms and the Quran
are a single quatrain on the qualities of Haidar.

58

Afzal koi Murtaza se himmat mein nahin
افضل کوئی مرتضیٰ سے ہمت میں نہیں

Is tarah ka banda to haqeeqat mein nahin
اس طرح کا بندہ تو حقیقت میں نہیں

Tooba Tasneem-o-khuld-o-seb-o-rumman
طوبیٰ تسنیم و خلد و سیب و رمان

Wo kya hai jo Haidar ki wilayat mein nahin
وہ کیا ہے جو حیدر کی ولایت میں نہیں

No one surpasses Murtaza in courage;
in truth there is no other servant like him.
Tooba and Tasneem, paradise, apples and pomegranates:
what is there that is not within Haidar's domain?

59

Ab zer-e-qadam lahad ka bab aa pahuncha
اب زیر قدم لحد کا باب آپہنچا

Hushyar ho jald waqt-e-khwab aa pahuncha
ہشیار ہو جلد وقت خواب آپہنچا

Peeri ki bhi dopahar dhali aah Anees
پیری کی بھی دوپہر ڈھلی آہ انیسؔ

Hangam-e-ghuroob-e-aftab aa pahuncha
ہنگام غروب آفتاب آپہنچا

Now the door of the grave has come right under my feet;
be alert, quickly: the time of sleep has come.
Even the noon of old age has declined, alas, Anees;
the hour of sunset has arrived.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Ab waqt-e-suroor-o-farhat andozi hai
اب وقت سرور و فرحت اندوزی ہے

Har dil masroof-e-jashn-e-nau rozi hai
ہر دل مصروف جشن نو روزی ہے

Hai aaj se daur-e-shahi-e-shah-e-Najaf
ہے آج سے دور شاہی شاہ نجف

Ye rang-e-bahar-e-fath-o-feerozi hai
یہ رنگ بہار فتح و فیروزی ہے

Now is the time for joy and gathering delight;
every heart is busy with the Nowruz festival;
from today begins the reign of the King of Najaf:
this is the colour of the spring of victory and triumph.

61

Ab khwab se chaunk waqt-e-bedari hai
اب خواب سے چونک وقت بیداری ہے

Le zad-e-safar kooch ki taiyari hai
لے زاد سفر کوچ کی تیاری ہے

Mar mar ke pahunchte hain musafir waan tak
مر مر کے پہنچتے ہیں مسافر واں تک

Ye qabr ki manzil bhi ghazab ki bhaari hai
یہ قبر کی منزل بھی غضب کی بھاری ہے

Wake from sleep now: it is time to be awake;
take provisions for the journey: the departure is being made ready.
Travellers reach that place only by dying again and again;
this stage of the grave is terribly hard.

62

Ab Hind ki zulmat se nikalta hoon main
اب ہند کی ظلمت سے نکلتا ہوں میں

Taufeeq rafeeq ho to chalta hoon main
توفیق رفیق ہو تو چلتا ہوں میں

Taqdeer ne beriyan to kaati hain Anees
تقدیر نے بیڑیاں تو کاٹی ہیں انیسؔ

Kyun ruk gaye paaon haath malta hoon main
کیوں رک گئے پاؤں ہاتھ ملتا ہوں میں

Now I am leaving the darkness of India;
if grace goes with me, I shall set out.
Fate has cut my fetters, Anees:
why have my feet stopped? I wring my hands.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

63

Ab garm khabar maut ke aane ki hai
اب گرم خبر موت کے آنے کی ہے

Ghafil tujhe fikr aab-o-daane ki hai
غافل تجھے فکر آب و دانے کی ہے

Hasti ke liye zaroor ik din hai fana
ہستی کے لیے ضرور اک دن ہے فنا

Aana tera dalil jaane ki hai
آنا تیرا دلیل جانے کی ہے

Now the news of death's coming is everywhere;
heedless one, you think only of food and drink.
For every existence there is surely a day of passing away;
your coming is proof of your going.

64

Aankh abr-e-bahari se lari rehti hai
آنکھ ابر بہاری سے لڑی رہتی ہے

Ashkon ki rida munh pe pari rehti hai
اشکوں کی ردا منہ پہ پڑی رہتی ہے

Donon aankhen hain meri Saawan Bhaadon
دونوں آنکھیں ہیں میری ساون بھادوں

Yaan saare baras ek jhari rehti hai
یاں سارے برس ایک جھڑی رہتی ہے

My eyes vie with the clouds of spring;
a veil of tears always lies over my face;
both my eyes are the rainy months of Saawan and Bhaadon:
here a single downpour lasts all year round.

65

Aala rutbe mein har bashar se paaya
اعلیٰ رتبے میں ہر بشر سے پایا

Afzal unhen Khizr-e-raah bar se paaya
افضل انہیں خضر راہ بر سے پایا

Ye dar jo na milta to bhatakte phirte
یہ در جو نہ ملتا تو بھٹکتے پھرتے

Jannat ka pata Ali ke ghar se paaya
جنت کا پتا علی کے گھر سے پایا

I found them higher in rank than every human being;
I found them more excellent than Khizr the guide.
Had I not found this door, I would have wandered lost:
I found the way to paradise from the house of Ali.

Free to read, copy and share

66

Adam ko ye tohfa ye hadiya na mila
آدم کو یہ تحفہ یہ ہدیہ نہ ملا

Aisa to kisi bashar ko paaya na mila
ایسا تو کسی بشر کو پایا نہ ملا

Allah ri latafat-e-tan-e-pak-e-Rasool
اللہ ری لطافت تن پاک رسول

Dhoonda kiya aftab saaya na mila
ڈھونڈا کیا آفتاب سایہ نہ ملا

Adam was not given this gift, this present;
no human being was given such a rank.
Allah! The fineness of the Messenger's pure body:
the sun searched and searched, and found no shadow.

Printed from https://fzic.org/library/noha/rubaiyat-e-anees-50017 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.